# میّت

# کی بخشش کی دعائیں

eCard

پبلی کیشنز
AL HUDA PUBLICATIONS

## بچے کی میت کے لیے دعائیں

**اَللّٰھُمَّ اَعِذْہُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ** (موطا امام مالك ،الجنائز :18)

اے اللہ!اس کو قبر کے عذاب سے بچا۔

**اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا سَلَفًا وَفَرَطًا وَاَجْرًا** (صحیح البخاری:معلقًا باب 65)

اے اللہ!اسے ہمارے لیے پہلے جا کر مہمانی تیار کرنے والا، پیش رَو اور (باعث) اجر بنا دے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے:

مرنے کے بعد انسان کے اعمال (کے ثواب کا سلسلہ) منقطع ہو جاتا ہے،سوائے تین طریقوں کے جن کا ثواب میت کو پہنچتا رہتا ہے صدقہ جاریہ یا لوگوں کو فائدہ دینے والا علم یا نیک اولاد جو میت کے لیے دعا کرتی ہے۔ (صحیح مسلم:4223)

تاریخ اشاعت: 5 مئی 2012ء ، 13 جمادی الثانی 1433ھ

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

اسلام آباد 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان فون: 1-4866130-51-92+ 9-4866125-51-92+
کراچی 30-اے سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی پاکستان فون: 34528548-21-92+ 34528547-21-92+

05010068

www.farhathashmi.com
www.alhudapk.com

اے اللہ! ہمارے زندوں اور مردوں کو بخش دے اور چھوٹوں کو اور بڑوں کو، مردوں کو اور عورتوں کو اور ہمارے حاضر اور غائب لوگوں کو بھی بخش دے۔اے اللہ! ہم میں سے جسے تو زندہ رکھے تو اسے ایمان کے ساتھ زندہ رکھ اور جسے تو موت دے اسلام پر موت دے۔اے اللہ!ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ رکھ (جو ہم نے مرنے والے کے لیے دعا کی) اور اس کے بعد ہمیں گمراہ بھی نہ کر دینا۔

**اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَہُ وَارْفَعْ دَرَجَتَہُ فِی الْمَھْدِیِّیْنَ وَاخْلُفْہُ فِی عَقِبِہِ فِی الْغَابِرِیْنَ وَاغْفِرْلَنَا وَلَہُ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ! وَافْسَحْ لَہُ فِی قَبْرِہِ وَنَوِّرْ لَہُ فِیْہِ** (صحیح مسلم : 2130)

اے اللہ اس کو معاف فرما اور ہدایت یافتہ لوگوں میں اس کا درجہ بلند فرما اور باقی لوگوں میں سے اس کا جانشین مقرر فرما یارب العالمین! ہمیں اور اس کو بخش دے اور اس کی قبر میں اس کے لیے کشادگی فرما اور اس میں اس کے لیے روشنی فرما۔ (نوٹ: یہ دعا رسول اللہ ﷺ نے ابو سلمہؓ کے لیے پڑھی تھی)

## میّت کی بخشش کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ
وَوَسِّعْ مُدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهٖ مِنَ
الْخَطَایَا كَمَا نَقَّیْتَ الثَّوْبَ الْاَبْیَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهُ
دَارًا خَیْرًا مِنْ دَارِهٖ وَاَهْلًا خَیْرًا مِنْ اَهْلِهٖ وَ زَوْجًا خَیْرًا
مِنْ زَوْجِهٖ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ
عَذَابِ النَّارِ (صحیح مسلم: 2232)

اے اللہ! اس کی بخشش فرما اور اس پر رحم فرما اور اس سے درگزر فرما اور اس کی اچھی مہمانی کر اور اس کے داخل ہونے کی جگہ کشادہ کر دے اور اسے پانی، برف اور اولوں سے دھو ڈال اور اسے خطاؤں سے اس طرح صاف کر دے جیسے تو سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کر دیتا ہے اور اسے اس کے اس گھر سے بہتر گھر اور اس کے گھر والوں سے بہتر گھر والے اور اس کے ساتھی سے بہتر ساتھی عطا فرما اور اسے جنت میں داخل فرما اور اسے عذاب قبر اور آگ کے عذاب سے بچا لے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِیْ ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ
فَقِهٖ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَاَنْتَ اَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ
اَللّٰھُمَّ فَاغْفِرْلَهٗ وَارْحَمْهُ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

(سنن أبی داؤد: 3202)

اے اللہ! بے شک فلاں بن فلاں تیرے ذمے اور تیری پناہ میں ہے، پس اسے قبر کی آزمائش اور آگ کے عذاب سے بچا اور تو وعدہ پورا کرنے والا اور برحق ہے اے اللہ! پس اسے بخش دے اور اس پر رحم کر، یقیناً تو ہی بخشنے والا بے حد مہربان ہے۔

اَللّٰھُمَّ عَبْدُكَ وَابْنُ اَمَتِكَ اِحْتَاجَ اِلٰی رَحْمَتِكَ
وَاَنْتَ غَنِیٌّ عَنْ عَذَابِهٖ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِیْ اِحْسَانِهٖ
وَاِنْ كَانَ مُسِیْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ (مستدرك للحاكم، ج :1، 1368)

اے اللہ! یہ تیرا بندہ اور تیری بندی کا بیٹا، تیری رحمت کا محتاج ہے اور تو اس کے عذاب سے بے پرواہ ہے۔ اگر یہ نیک تھا تو اس کی نیکیوں میں اضافہ فرما اور اگر یہ برا تھا تو اسے معاف کر دے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَصَغِیْرِنَا وَكَبِیْرِنَا وَذَكَرِنَا
وَاُنْثَانَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَهٗ مِنَّا فَاَحْیِهٖ
عَلَی الْاِیْمَانِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَی الْاِسْلَامِ اَللّٰھُمَّ
لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهٗ (سنن ابی داؤد: 3201)

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION